PUNJAB
Education Foundation

مراسلہ نمبر: PEF/CIR/FAS/08-2025/0218 تاریخ: 30 اگست 2025

محترم سکول مالکان(FAS,EVS, NSP)

عنوان: بارشوں اور سیلاب کی حالیہ صورتحال کے پیش نظر حفاظتی اقدامات

السلام علیکم!

ملک میں جاری حالیہ بارشوں اور سیلابی صورتحال کے پیش نظر تمام پارٹنرز کو ہدایت کی جاتی ہے کہ:

- اگر آپ کے اسکول کی عمارت حالیہ بارشوں یا سیلاب سے متاثر ہوئی ہے تو براہِ کرم تعلیمی سرگرمیاں شروع کرنے سے احتیاط کریں تاکہ بچوں کی حفاظت کو یقینی بنایا جاسکے۔

- اگر اسکول کے قریب کوئی محفوظ عمارت دستیاب ہے تو وہاں عارضی طور پر تعلیمی سرگرمیوں کو جاری رکھنے کا انتظام کیا جاسکتا ہے۔ تاہم اس کے لیے اپنے متعلقہ پروگرام ڈائریکٹر سے پیشگی اجازت لینا ضروری ہے۔

- ایسے اسکول جن کی عمارت / کمرہ جماعت مٹی سے بنے ہوئے ہیں، وہ حد درجہ احتیاط برتیں اور اسکول کھولنے سے پہلے محفوظ عمارت کی مکمل یقین دہانی کر لیں تاکہ کسی بھی ممکنہ حادثے سے بچا جاسکے۔

- اس صورتحال میں متاثرہ اسکول فوری طور پر پیف کے مرتب کردہ گوگل فارم کے ذریعے اپنے اسکول کو بارشوں یا سیلاب سے پہنچنے والے نقصانات سے آگاہ کریں تاکہ اس ضمن میں آپ کی رہنمائی اور مدد کی جاسکے۔ گوگل فارم کا لنک درج ذیل ہے۔

Link https://forms.cloud.microsoft/r/kMXnxMAkCe

پیف انتظامیہ مشکل کی اس گھڑی میں اپنے پارٹنرز کے ساتھ کھڑی ہے اور اس عزم کا اعادہ کرتی ہے کہ ہم سب مل کر اس صورتحال پر قابو پالیں گے، ان شاء اللہ۔

خیر اندیش

ڈپٹی منیجنگ ڈائریکٹر (آپریشنز)

Head Office
52-L, Gulberg III, Near Kalma Chowk,
Lahore. Ph: 042-99232791 - 98

Regional Office Rawalpindi
H # 2-A. Main Road,
Gulzar-e-Quaid, Old Airport Road,
Rawalpindi. Ph: 051-9330273 & 75

Regional Office Multan
238-B, Model Town Multan,
Ph: 061-6216399